چائنہ، سری لنکا کے کلچر کا بھی مختصر جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ آٹھویں باب میں پردہ سے بحث کی گئی ہے اور قدیم ادیان و اسلام کی تعلیمات کو اجاگر کیا گیا ہے۔

اس کتاب کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ پوری کتاب باحوالہ ہے کتاب میں احادیث کی مروجہ سافٹ ویئر کی مدد سے تخریج احادیث کا اہتمام کیا گیا ہے۔ کتاب میں معتدل فکر کو اپنایا گیا ہے۔ یہ کتاب اس لائق ہے کہ خواتین کے نصاب کا حصہ بنائی جائے، اس پر مزید لکھنے اور مواد جمع کرنے کی ضرورت ہے جس کی زبانی نشاندہی محترمہ کی خدمت میں پہلے ہی پیش کر چکا ہوں، اس تصنیف پر ڈاکٹر صاحب اور ان کی اہلیہ دونوں مبارکباد کی مستحق ہیں۔

کتاب کا نام　:　ان سنتوں پر عمل کون کرے گا؟

مصنف:　امان اللہ اسماعیل صاحب

ناشر　:　بن حور ایجوکیشن اینڈ ویلفیئر ڈی۔ ۲۳۔ بی سائٹ ایریا کراچی، ۲۰۱۱ء،

رابطہ نمبر: ۰۳۲۱۸۲۴۰۵۱۸

قیمت و صفحات　:　قیمت درج نہیں، صفحات ۱۲۸

جناب امان اللہ صاحب امت کی اصلاح کا جذبہ رکھتے ہیں، اسی جذبہ کے تحت آپ نے متعدد اصلاحی کتب تالیف کی ہیں، جس میں صفات المؤمنین، تقسیم میراث، حقیقت توکل، حرمت شراب اور قتل ناحق وغیرہ شامل ہیں۔ اس کتاب میں وہ اخلاقی باتیں پیش کی گئی ہیں جنہیں ہم جانتے ہیں، لیکن عمل کرنے میں کوتاہی کرتے ہیں۔ جیسے مہمان نوازی، تحفہ، سادگی، عاجزی، عفوشفقت وغیرہ اصلاح معاشرہ کے لئے ایسے لٹریچر کو تعلیمی اداروں کالجز، یونیورسٹیز میں فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

کتاب کا نام　:　نکاح وطلاق

مصنف　:　امان اللہ اسماعیل صاحب

ناشر　:　بن حور ایجوکیشن اینڈ ویلفیئر ڈی۔ ۲۳۔ بی سائٹ ایریا کراچی

قیمت و صفحات　:　۳۰ روپے، صفحات ۷۹

نکاح کی فضیلت اور طلاق دینے اور طلاق سے بچنے کا طریقہ بیان کیا گیا ہے، اسی کے ساتھ ظہار، کفارہ، خلع اور جہیز کے مسائل بیان کئے گئے ہیں۔

آج طلاق کا رجحان بڑھتا جا رہا ہے، جس کی حوصلہ شکنی کے لئے اس قسم کی کتب کو عوام تک پہنچانا چاہیے، یہ اچھی اصلاحی کوشش ہے۔

مجلہ کا نام : ششماہی مجلہ الإیضاح تیئسواں شمارہ ۲۰۱۱ء

چیف ایڈیٹر : پروفیسر ڈاکٹر دوست محمد خان

ناشر : شیخ زاید اسلامک پشاور یونیورسٹی

قیمت وصفحات : ۳۰۰ روپے، صفحات ۲۸۰

ڈاکٹر دوست محمد صاحب ڈائریکٹر شیخ زاید سینٹر پشاور یونیورسٹی ہیں، کلمۂ حق کہنے والے علم دوست، بے باک شخصیت ہیں، عہد حاضر میں نظریاتی مسائل پر عمدہ بحث کرتے ہیں اور عمدہ خطاب کرتے ہیں، طویل عرصہ سے یہ مجلہ آپ کی زیر نگرانی نکل رہا ہے، مذکورہ مجلہ میں درج ذیل عنوانات پر اردو عربی انگریزی میں مقالات ہیں۔

۱۔ اسلام میں تصور حق کی فکری اساس اور حق کی اقسام واحکام، پروفیسر ڈاکٹر محی الدین ہاشمی صاحب علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا ہے۔ حقوق کی تعریف اور بنیادی اقسام پر جامع بحث کی گئی ہے۔

۲۔ اسلام میں تصور امتحانات کا جائزہ: ڈاکٹر ریحانہ قریشی اور پروفیسر ڈاکٹر مہر محمد سید اختر نے امتحانات لینے اور امتحانات کے طریقہ کار سے ارتقائی انداز میں بحث کی گئی ہے، اسی طرح امتحانات کے بعد سندات کا اجراء کس طرح عمل میں آیا، اس سے بحث کی گئی ہے۔

۳۔ مسلمان تاجر خواتین کا تبلیغی کردار اور ان کی ذمہ داریاں راقم (پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی) کا مقالہ ہے، میرے نام کے ساتھ لیکچر لکھا گیا ہے۔ معلوم نہیں یہ کس کی ناقص معلومات ہیں، میں ۲۰۰۴ء سے ایسوسی ایٹ پروفیسر ہوں، ۲۰۰۶ء سے پرنسپل بھی ہوں، اس وقت الحمد للہ فل فلیگ پروفیسر ہوں مقالہ میں خواتین کا تبلیغی و معاشی رول عہد نبوی ﷺ کے تناظر میں پیش کیا گیا ہے۔

۴۔ وزیرستان معاشرہ اور تحکیم پر مبنی وزیری رسم و رواج ایک تحقیقی جائزہ تاج محمد، اسلام نے ثالث کے ذریعہ اختلافات حل کرنے کا حکم دیا ہے، وزیرستان میں یہی عمل رائج